ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ


پریس ریلیز(531)

04.10.23

## بہاول پور(      )پولیس پکار 15 سنٹرالائزڈ سسٹم کی ماہانہ کارکردگی رپورٹ جاری۔ ماہ ستمبر 2023 میں کل 70432 ایمرجنسی کالز میں سے 60848 فیک اور غیر متعلقہ موصول ہوئیں،شہری صرف ایمرجنسی کی صورت میں 15 پر کال کریں تاکہ پولیس کی بروقت اور فوری امداد میسر ہوسکے،پولیس کی طرف سے کسی بھی سطح پر ریسپانس میں سستی یا غفلت پر محکمانہ احتسابی کارروائی ہوگی،ڈی پی اوسید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی ہدایات کے مطابق پکار 15 سنٹرالائزڈ سسٹم بہاول پور پنجاب سیف سٹی اتھارٹی کے ساتھ سنٹرالائزڈ اور 24/7 انچارج محمد اقبال کی نگرانی میں ایکٹیو ہے۔ماہ ستمبر 2023 میں پکار 15 سنٹرالائزڈ سسٹم پر کل 70432 کالز موصول ہوئیں، جن میں 5500 کالز پر فوری امداد فراہم کی گئی، اسی طرح 2223 کالز پر شہریوں کی رہنمائی کی گئی جبکہ 60848 جھوٹ پر مبنی اور (Repeated)1861 کالز موصول ہوئیں۔ ٹریفک کیسز سے متعلق 133 کالز موصول ہوئیں، جس پر لوگوں کی امداد اور رہنمائی فراہم کی گئی۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ عوام ایمرجنسی صورتحال میں پکار 15 پر اطلاع دیتے ہیں،متعلقہ پولیس کی طرف سے بروقت ریسپانس ملے تو عوام کا پولیس پر اعتماد بھی بڑھ جاتا ہے جبکہ معاشرہ سنگین وارداتوں اور ان کی حساسیت سے بھی محفوظ ہو جاتا ہے،اگر متعلقہ پولیس بروقت رسپانس نہ کرے تو عوام کی طرف سے جہاں پر پولیس کے حوالے سے منفی تاثرات بڑھنا شروع ہو جاتے ہیں وہاں پر وارداتوں کے وقوع پذیر ہونے کے امکانات بڑھ جاتے ہیں، پولیس کا اولین فرض ہے کہ شہریوں کی جان و مال اور عزت و آبرو کا تحفظ کو یقینی بنائے۔شہریوں سے اپیل ہے کہ صرف سچ اور حقیقت پر مبنی اور ایمرجنسی صورت حال کے پیش نظر پکار 15 پر کال کریں تاکہ عوام الناس کو پولیس کی بروقت اور فوری امداد میسر ہو سکے اور سماج دشمن عناصر کو ان کے مذموم مقاصد میں کامیاب ہونے سے روکا جاسکے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور:بہاولپور پولیس کی جانب سے پولیس پکار 15 سنٹرالائزڈ سسٹم کی ماہانہ کارکردگی رپورٹ جاری

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(532)

04.10.23

**بہاولپور(            )حکومت پاکستان کی ہدایات کی روشنی میں ضلع بھر کے بجلی چوروں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن کا سلسلہ جاری،بجلی چوری کرنے والوں خلاف جاری خصوصی مہم میں اب تک ضلع بھر میں 361 مقدمات درج کیئے جاچکے ہیں۔بجلی چوری میں ملوث افراد کے خلاف آپریشن جاری رہے گا،ڈی پی اوسید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق حکومت کی ہدایات پر ملک کے دیگر شہروں کی طرح بہاولپور میں بھی بجلی چوری کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن کا سلسلہ جاری ہے۔بجلی چوری کرنے والے افراد کے خلاف رواں سال میں اب تک 658 مقدمات درج کیئے جاچکے ہیں ، جبکہ حکومتی ہدایات کے پیش نظر بجلی چوری کرنے والوں کے خلاف جاری حالیہ خصوصی آپریشن میں گزشتہ چندروز میں بہاولپور پولیس نے 361 مقدمات درج رجسٹرڈ کیئے اور بجلی چوروں کوگرفتارکرلیا گیا۔اس موقع پرڈی پی اوسید محمد عباس نے پولیس افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ بجلی چوری میں ملوث ملزمان کے خلاف واپڈا کی طرف سے موصول شدہ مراسلہ جات پر فوری کارروائی عمل میں لائی جائے اور ملزمان کوفوری گرفتارکر کے عدالت کے کٹہرے میں لایا جائے۔بجلی چوری کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی،خاص کر بجلی چوری کی روک تھام کے لئے میپکو کی جانب سے تحصیل کی سطح پر قائم کمیٹیوں سے رابطہ میں رہیں اوراس مہم میں تمام تر وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے آپریشن کوکامیاب کیا جائے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**